# دی پریپ سکول


جماعت: سوم | اردو | 2024-25

اطلاقی گرامر: اسم معرفہ اور اسم نکرہ | ورک شیٹ:9

پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام اسم معرفہ کہلاتا ہے۔ جیسے: حضرت موسیٰؑ، کراچی

جب کہ ایسا اسم جو کسی عام شخص، جگہ یا چیز کے لیے بولا جائے اسم نکرہ کہلاتا ہے۔ جیسے: کتاب، شہر، لڑکی وغیرہ

## سرگرمی نمبر:1 مناسب اسم معرفہ کا انتخاب کرتے ہوئے جملے مکمل کیجیے۔



| | |
|---|---|
| ملک | پاکستان |
| علامہ اقبالؒ | شاعر |
| شہر | لاہور |
| فیصل مسجد | مسجد |

۱۔ ________ کے پہلے گورنر جنرل قائد اعظمؒ تھے۔

۲۔ ________ نے ایک آزاد وطن بنانے کا خیال پیش کیا۔

۳۔ میرا بھائی کل ________ جا رہا ہے۔

۴۔ مہمانوں نے نمازِ جمعہ ________ میں ادا کی۔



## سرگرمی نمبر:2 مناسب اسم نکرہ کا انتخاب کرتے ہوئے عبارت مکمل کیجیے۔

| تالاب | باغ | خوبانی | بچے | درخت |
|---|---|---|---|---|

حسن کے گھر کے پاس ایک خوب صورت ________ ہے۔ باغ میں بہت سے ________ ہیں۔ شام ہوتے ہی ________ یہاں کھیلنے آجاتے ہیں۔ اس باغ میں ایک ________ بھی ہے جس میں سفید بطخیں تیرتی ہوئی بہت بھلی لگتی ہیں۔ چھٹیوں میں حسن نے اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر باغ میں ________ اور آلو بخارے کے درخت لگائے۔ بچو! درخت لگانا نیکی ہے۔ ہمیں بھی درخت لگانے چاہئیں۔

LIVEWORKSHEETS